Jubilee
LIFE INSURANCE



# جوبلی تعبیر پلان

مستقبل تعمیر کیجئے

HBL

ہر والدین کی طرح آپ بھی اپنے بچوں کو ترقی کے سفر پر گامزن ہونے کے لئے ایک بہترین آغاز فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ اس کامیابی میں ایک اہم عنصر اپنے بچوں کے لئے صحیح عمر پر مالی منصوبہ بندی بھی ہے۔

آپ کے بچوں کے لئے ایچ بی ایل کی شاخوں پر دستیاب جوبلی لائف انشورنس کے پیش کردہ جوبلی تعبیر پلان کی صورت میں ایک محفوظ مستقبل کے وعدے سے بہتر کوئی تحفہ نہیں ہوسکتا۔ قابلِ استطاعت پریمیئم کے ساتھ یہ ایک سرمایہ کاری پلان ہے جو آپ کو باقاعدگی سے بچت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کا موقع فراہم کرتا ہے۔

برائے مہربانی ایچ بی ایل کی نامزد کردہ برانچوں پر موجود جوبلی لائف کے نمائندوں سے رابطہ کرکے اپنی ضروریات کے مطابق مناسب پلان حاصل کریں۔ برانچوں کی تفصیلات www.hbl.com پر دستیاب ہیں۔

## خصوصیات:

| | | |
|---|---|---|
| عمر | کم ازکم 18 سال، زیادہ سے زیادہ 55 سال | |
| میچورٹی کے وقت عمر | 75 سال، سالگرہ سے قریب ترین عمر | |
| پالیسی کی مدت | 10 سے 57 سال<br>پالیسی 10 سے 57 سال کی مدت تک کبھی بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔ مدت کا انحصار پالیسی ہولڈر کی ضروریات اور پالیسی خریدتے وقت کی عمر پر ہے۔ | |
| کم ازکم پریمیئم | سالانہ | 24,000 روپے |
| | ششماہی | 12,000روپے |
| | سہ ماہی | 6,000روپے |
| | ماہانہ | 2,000روپے |
| زیادہ سے زیادہ پریمیئم | 600,000روپے | |
| زیادہ سے زیادہ سم اشورڈ | 3,000,000 روپے | |
| فری لک پیریڈ | پالیسی ہولڈر پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر پالیسی کو منسوخ کرواسکتا ہے۔ | |

## تحفظ

نامزد ورثاء کو انتہائی قابلِ قدر تحفظ پیش کیا جاتا ہے جو پالیسی ہولڈر کی ناگہانی موت کی صورت میں فوائد حاصل کرتا ہے۔ ان فوائد میں سم ایشورڈ یا فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو شامل ہوتے ہیں۔

## پلان کی تکمیل:

منتخب کردہ میعاد کی کامیاب تکمیل پر آپ کو فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

## فوائد:

مندرجہ ذیل تحفظ اور سرمایہ کاری جیسے عمومی لاگو فوائد کے علاوہ، جوبلی تعبیر پلان آپ کو اضافی فوائد بھی فراہم کرتا ہے اور اس بات کی آزادی دیتا ہے کہ آپ اپنے مقاصد اور مالی استطاعت کے مطابق مختلف بیمہ فوائد میں سے انتخاب کرسکیں۔

سم اشورڈ اور فوائد کے حصول کے لئے آپ اپنے خاندان میں سے کسی کو اپنے وارث کے طور پر نامزد کرسکتے ہیں۔

## غیر اختیاری ضمنی فائدہ

1۔ حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ بیٹی کے لئے شادی کا بینیفٹ:

60 سال کی عمر سے قبل ناگہانی حادثاتی موت کی صورت میں آپ کے خاندان کو مالی استحکام فراہم کرنے کے لئے آپ کی بیٹی کی تحریری درخواست پر اُس کی شادی کے اخراجات کے لئے 500,000 روپے کی ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ بیٹی کی عمر 18 سال سے کم ہونے کی صورت میں یہ رقم کمپنی اپنے پاس محفوظ رکھے گی جب تک کہ وہ 18 سال کی عمر تک جا پہنچے اور یہ بینیفٹ تحریری طور پر طلب کرے۔

## اضافی فوائد:

1۔ آٹو میٹک کور مینٹیننس:

دو سال تک پریمیئم کی ادائیگی کے بعد اگر آپ پریمیئم ادا نہ کر پائیں تو بھی آپ لائف انشورنس تحفظ کے اہل ہوں گے، جب تک آپ کے پلان کی کیش ویلیو پالیسی چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

2۔ ایڈہاک پریمیئم:

اگر آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہوتے ہیں تو آپ جوبلی تعبیر پلان کے تحت کسی بھی وقت اپنی مرضی کے کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے مختص کر سکتے ہیں۔ ایڈہاک میں سرمایہ کاری سے آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوگا۔

## اختیاری فوائد:

1۔ حادثاتی موت:

پالیسی ہولڈر کی حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ ورثاء کو ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

2۔ فیملی الاؤنس بینیفٹ:

پالیسی ہولڈر کی ناگہانی موت کی صورت میں متواتر اخراجات کی ادائیگی کے لئے نامزد کردہ ورثاء کو ایک خاص مدت تک کے لئے باقاعدگی سے ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

3۔ پریمیئم کی چھوٹ:

کسی بیماری یا معذوری کی صورت میں اگر آپ اپنا موجودہ پیشہ یا کوئی اور پیشہ (جو کہ آپ کی ذہانت، تربیت یا تعلیم کے مطابق ہو) 6 ماہ یا زائد جاری نہ رکھ سکیں تو پریمیئم کی اگلی واجب الادا تاریخ سے آپ کا پریمیئم جوبلی لائف خود ادا کرے گی۔

## سرمایہ کاری کے مواقع:

### 1۔ پریمیئم ایلوکیشن:

آپ کی سرمایہ کاری کیلئے مختص پریمیئم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| پہلا سال | دوسرا سال | تیسرا سال | چوتھے سال اور زائد | ایڈ۔ہاک |
|---|---|---|---|---|
| 55% | 80% | 90% | 100% | 100% |

### کیا اس پلان میں کوئی بونس مختص ہوگا؟

جوبلی تعبیر پلان کے تحت ، پانچویں سال اور اس کے بعد جوبلی لائف انشورنس اپنے صارفین کو یونٹ اکاؤنٹ میں بونس مختص کرے گی۔ یہ نیچے دیئے گئے شیڈول کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔

### بونس ایلیوکیشن

آپ کی سرمایہ کاری کے لئے مختص بونس درج ذیل ٹیبل میں فراہم کیا گیا ہے۔

| پالیسی سال | بونس ایلیوکیشن |
|---|---|
| پانچویں سال اور آگے | 3% |

بونس ایلوکیشن شرائط وضوابط سے مشروط ہیں

### 2۔ سرمایہ کاری کے لئے فنڈز کا انتخاب:

جوبلی لائف آپ کو درج بالا ٹیبل کے مطابق آپ کی ادائیگیوں کی آپ کی مرضی کے فنڈز میں جزوی یا مکمل طور پر مختص کرنے کی لچک فراہم کرتی ہے۔

## فنڈز

**مینیجڈ فنڈ:**

مینیجڈ فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز ، حکومتی اور فکسڈ انکم سیکورٹیز اور دیگرکیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمائے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ممکن ہوسکے۔

**کیپٹل گروتھ فنڈ:**

کیپٹل گروتھ فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے اسٹاک کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جس میں گورنمنٹ سیکورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔

**یقین گروتھ فنڈ:**

یقین گروتھ فنڈ کا مقصد جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو ایسی فکسڈ انکم سیکیورٹیز کا وسیع پورٹ فولیو فراہم کرنا ہے جس میں ایکویٹی کا کوئی اثر نہ ہو۔ یقین گروتھ فنڈ ایسے افراد کے لئے مناسب ہے جو ڈیبٹ سیکیورٹیز کے زیرِ اثر سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

آپ کے پریمیم، بطور ڈیفالٹ، جوبلی لائف انشورنس کے یقین گروتھ فنڈ میں مختص کیے جائیں گے۔ یہ مختلف منی مارکیٹ اور سرکاری قرضوں کی سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے کم سے کم خطرے کے ساتھ، درمیانی مدت سے طویل مدتی تک مسابقتی منافع پیش کرتا ہے اور اس میں ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کر کے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

آپ کے سرمایہ کاری شدہ پریمیم کا انتظام ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور اس کو تقویت پریمیئم فنانشیل سیکورٹیز سے ملتی ہے تاکہ بہترین منافع کو قابل برداشت خطرے کے ساتھ یقینی بنایا جا سکے۔

آپ کے پریمیم منصوبے کی مدت کے دوران سرمایہ کاری پر منافع حاصل کریں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت مل جائے گی۔

**نوٹ :** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف کے فنڈ کی یونٹ کی قیمتیں تمام معروف روزناموں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ: www.jubileelife.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## اضافی معلومات:

### جزوی دستبرداری:

کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آپ پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں جب تک پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو* 24,000 روپے یا اس سے زیادہ رہے۔ آپ کو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا بہرحال آپ کے سم اشورڈ سے جزوی طور پر نکالی گئی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔ جزوی دستبرداری کا اختیار پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد دستیاب ہوتا ہے۔

* باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر کمپنی نظر ثانی کر سکتی ہے۔

### مکمل دستبرداری:

آپ کو پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پالیسی سے دستبرداری کا اختیار حاصل ہے۔ دستبرداری پر آپ کو آپ کے فنڈز کی کیش ویلیو کی مکمل ادائیگی کر دی جائیگی۔ بہرحال پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو میں کمی واقع ہوگی۔

### فرِی لک عرصہ:

آپ کو 14 دن کا فرِی لک عرصہ دیا جائے گا جس کے دوران آپ پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر پالیسی دستاویزات کی رسید کے 14 دن کے اندر تحریری درخواست موصول ہو جاتی ہے تو آپ کا پریمیم واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ جوبلی لائف طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہوئی تو) کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

## افراط زر سے مقابلہ:

افراط زر سے مقابلہ کرنے کے لئے آپ پالیسی میں انڈیکسیشن کا آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔ اس آپشن کے تحت کمپنی کی طے کردہ حد کے مطابق پریمیئم میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ بہر حال آپ کو اس بات کا اختیار ہے کہ آپ انڈیکسیشن کا آپشن مسترد کر دیں۔

## پلان کے حصول کا طریقہ:

جوبلی تعبیر پلان حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایچ بی ایل کی برانچ میں موجود جوبلی لائف کے نمائندوں کو مندرجہ ذیل مکمل شدہ دستاویزات جمع کرانے ہوں گے:

- شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
- مکمل پروپوزل فارم بمعہ دستخط
- دستخط شدہ ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشنز
- دستخط شدہ بیسک فیکٹ شیٹ
- دستخط شدہ پراڈکٹ انٹروڈکشن ڈاکیومنٹ
- اسسمنٹ فارم
- دستخط شدہ السٹریشن

## چارجز:

پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

- فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 145 روپے ماہانہ انتظامی فیس
- 5% بڈ آفر اسپریڈ
- ایس ای سی پی فائلنگ کے مطابق مورٹیلٹی چارجز کا اطلاق
- سوئچنگ / ری ڈائریکشن، 500 روپے اگر فی سال چار سے زائد منتخب کیا گیا ہو

* جوبلی لائف انشورنس تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ ایچ بی ایل پاکستان یا اس سے ملحقہ ادارہ اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پراڈکٹ ایچ بی ایل پاکستان کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی ایچ بی ایل پاکستان پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو ذاتی السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات جاننے کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔

- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت بیمہ دار کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- جوبلی لائف انشورنس اس بیمہ پالیسی کا انڈررائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور پالیسی کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور انشورڈ کسٹمرز اور بینیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف کے لئے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا اور اصل سرینڈر ویلیو اور میچورٹی ویلیو پروجیکٹڈ ویلیو سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ پالیسی ہولڈر اگر پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے: (https://www.jubileelife.com/funds-2/fund-manager-reports/)

## رابطہ کی تفصیلات:

شکایت اور مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کرسکتے ہیں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ پالیسی ہولڈر پہلے سے طے شدہ

ہیڈ آفس: 74/1-A، لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان
ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205094
فیکس: (021) 35610959
ای میل: info@jubileelife.com
ویب سائٹ: www.jubileelife.com
یو اے این: (021) 111 111 554
ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

حبیب بینک لمیٹڈ
یو اے این: 111-111-425
ویب سائٹ: www.hbl.com